## سوات، دیر، بونیر، شانگلہ اور مالاکنڈ ڈویژن کے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے خواتین اور بچوں کے کپڑے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں۔ الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔15 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام خصوصاً مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ سوات، دیر، بونیر، شانگلہ اور مالاکنڈ ڈویژن کے دیگر علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی امداد کیلئے خواتین اور بچوں کے کپڑے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء زیادہ سے زیادہ تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز میں جمع کرائیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ متاثرہ علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے افراد کو ان دنوں جن اشیاء کی اشد ضرورت ہے ان میں خواتین کیلئے لان کے کپڑے، بچوں کے کپڑے، پانی پینے کے برتن، واٹر کولر، چادریں، چٹائیاں، چپلیں، چینی، چائے کی پتی، نمک، خشک اجناس اور روزمرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں۔ انہوں نے عوام خصوصاً مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں یہ اشیاء خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز واقع فیڈرل بی ایریا کراچی میں جمع کرائیں اور سوات، دیر، بونیر، شانگلہ اور مالاکنڈ ڈویژن کے مصیبت زدہ بھائیوں کی ہر ممکن مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو مخیّر حضرات نقد عطیات دینا چاہیں وہ اپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ نمبر 0-3650-100-01 الائیڈ بینک دستگیر کالونی برانچ میں جمع کراسکتے ہیں۔

## پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی سندھ کی جانب سے صوبہ پختونخواہ کے متاثرہ خاندانوں کی طبی امداد کیلئے ادویات سے بھرا ایک ٹرک خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کیا گیا

کراچی۔۔۔15 مئی 2009ء

پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی سندھ نے صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات سے نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کی طبی امداد کیلئے ادویات کے 250 کارٹنز پر مشتمل ٹرک کا عطیہ گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیا۔ ادویات پر مشتمل ٹرک کی یہ کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے وصول کی جن میں لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل اینٹی بایوٹک، جلد بیماریوں، ہیضہ، اسہال، نزلہ، بخار، کھانسی، امراض چشم سے بچاؤ کی ادویات کے علاوہ زخموں کی ڈریسنگ کا سامان بھی بڑی مقدار میں شامل ہے جو جلد ہی سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کیلئے روانہ کی جائے گی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرہ خاندانوں کیلئے ادویات سے بھرے ٹرک کا عطیہ دینے پر ریڈ کریسنٹ سوسائٹی سندھ کے عہدیداران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ ایم کیوایم ہر مشکل گھڑی میں اپنے متاثرہ بھائیوں کے ساتھ ہے اور ان کی امداد بحالی جاری رکھے گی۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی اپیل پر متاثرین سوات، دیر اور بونیر کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کراچی کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔

## عوام ملک کے ممتاز کالم نگار اور دانشور نذیر ناجی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سابق صدر شیخ لیاقت حسین کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا کریں۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔15 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سابق صدر شیخ لیاقت حسین کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعا کریں۔ شیخ لیاقت حسین کافی عرصہ سے علیل ہیں۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین کو صحتِ کاملہ عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے ملک کے ممتاز کالم نگار اور دانشور نذیر ناجی کی صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے جو علیل ہیں اور ان کا کل ہرنیہ کا آپریشن ہے۔ جناب الطاف حسین نے کارکنوں اور عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ نذیر ناجی صاحب کی صحتیابی کیلئے بھی دعا کریں۔

## طالبانائزیشن کے خلاف ایم کیوایم اور قائدتحریک الطاف حسین کے اصولی مؤقف کوآج دنیانے تسلیم کرلیا ہے۔محمدانور

## آج تمام رہنمااورتجزیہ نگاروہی بات کہہ رہے ہیں جوقائدتحریک الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سے قوم کوبتاتے آئے ہیں

## موجودہ حالات نے ایم کیوایم اور قائدتحریک الطاف حسین کے خدشات اورتحفظات کودرست ثابت کردیا ہے

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں شیفیلڈ سے آئے ہوئے پاکستانیوں کے وفد سے گفتگو

لندن۔۔15 مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمدانور نے کہا ہے کہ طالبانائزیشن کے خلاف ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین کے اصولی مؤقف کوآج دنیانے تسلیم کرلیا ہےاورآج تمام رہنمااورتجزیہ نگاروہی بات کہہ رہے ہیں جوقائدتحریک الطاف حسین گزشتہ کئی برسوں سےقوم کوبتاتے آئے ہیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں شیفیلڈ سے آئے ہوئے پاکستانیوں کے ایک وفد سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔محمدانورنے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین قوم کوکافی عرصہ سے آگاہ کرتے رہے کہ طالبانائزیشن سے ملک کوخطرہ ہےاس کوروکا جائےلیکن اکثر سیاسی ومذہبی رہنماؤں اورتجزیہ نگاروں نے قائدتحریک الطاف حسین کی اس بات کوتنقید کا نشانہ بنایا۔گزشتہ دنوں جب سوات کے معاملے پرطالبان سے معاہدہ کیا گیااورنظام عدل ریگولیشن اسمبلی میں پیش کیا گیاتوواحدایم کیوایم تھی جس نے اصولوں کی بنیادپراس کی مخالفت کی،قائدتحریک الطاف حسین نے اس وقت بھی کہاتھا کہ یہ معاہدہ امن کانہیں بلکہ قتل وغارتگری کا معاہدہ ہےاورطالبان سوات کے بعددیگرعلاقوں میں بھی دہشت گردی پھیلائیں گےاورجوکچھ ہواوہ قوم کے سامنے ہے کہ آج طالبان پاکستان کی سلامتی کونقصان پہنچانے کے درپے ہیں اوروہ مسلح افواج سے جنگ کررہے ہیں۔ان حالات نے ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین کے خدشات اورتحفظات کودرست ثابت کردیا ہےاورکل تک ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین پرتنقیدکرنے والے سیاسی ومذہبی رہنمابھی آج وہی بات کہہ رہے ہیں جوبرسوں سے ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین بتاتے رہے ہیں۔محمدانورنے کہا کہ ہم آج پھرکہتے ہیں کہ ملک کواصل خطرہ طالبان اورمذہبی انتہاپسندعناصرسے ہے جوبم دھماکوں،خودکش حملوں اوردہشت گردی کی کارروائیوں کے ذریعے نہ صرف پاکستان کوداخلی طورپرغیرمستحکم کررہے ہیں بلکہ دنیابھرمیں پاکستان اوراسلام کوبدنام کررہے ہیں لہٰذاپوری قوم کوان عناصرکے خلاف ایک آوازہوجاناچاہیے۔

## لوڈشیڈنگ کے باوجودبجلی کےنرخ میں اضافہ کااعلان شہریوں کےساتھ سراسرظلم ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## کراچی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کاسنجیدگی سےنوٹس لیاجائےاوربجلی کےنرخوں میں اضافی کاغیرمنطقی فیصلہ فی الفورواپس لیاجائے

کراچی۔۔۔15 مئی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی محمدمعین خان،ریحان ظفراورمنظرامام نے کراچی میں لوڈشیڈنگ کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہےاورمسلسل لوڈشیڈنگ کے باوجودبجلی کےنرخ میں اضافہ کی اطلاعات کوکراچی کےشہریوں کےساتھ سراسرظلم اورکھلی ناانصافی قراردیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کی نج کاری کے بعدشہریوں کےمسائل میں بے پناہ اضافہ ہوگیا ہےاورکراچی کےعوام کومسلسل لوڈشیڈنگ کاعذاب جھیلناپڑرہاہے۔انہوں نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کےمعمولات زندگی بری طرح متاثرہورہے ہیں اورمسلسل لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں میں غم وغصہ پایاجاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب کراچی میں گھنٹوں لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جبکہ ستم بالائےستم یہ ہے کہ کےای ایس سی کی انتظامیہ کی جانب سےبجلی کےنرخ بڑھانے کااعلان بھی کیاجارہاہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں مسلسل لوڈشیڈنگ کے باوجودبجلی کے نرخ میں اضافہ کرناشہریوں کے ساتھ سراسرظلم اورکھلی ناانصافی ہےجسکی جتنی بھی مذمت کی جائےکم ہے۔محمدمعین خان،ریحان ظفراورمنظرامام نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کاسنجیدگی سےنوٹس لیاجائے،شہریوں کےمسائل کے حل کیلئے مثبت اقدامات کئےجائیں اوربجلی کےنرخوں میں اضافی کاغیرمنطقی فیصلہ فی الفورواپس لیاجائے۔

## صاحبزادہ سید پیر غلام رضوانی شاہ جیلانی کی سربراہ میں مشائخ عظام و پیر صاحبان کے نمائندہ وفد نے جمعرات کو نائن زیرو رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور سیف یار خان سے ملاقات کی

کراچی ۔۔۔15 مئی 2009ء

صاحبزادہ سید پیر غلام رضوانی شاہ جیلانی صدر جمعیت مشائخ اہلسنت صوبہ سندھ (خانقاہ عالیہ جیلانی ہاؤس مکلی ٹھٹھہ) کی سربراہی میں مشائخ عظام و پیر صاحبان کے نمائندہ وفد نے جمعرات کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور سیف یار خان سے ملاقات کی ۔ وفد میں پیر الحاج گلشن الٰہی قادری فریدی، سرپرست جمعیت صوبہ سندھ (درگاہ سخی عبدالوہاب شاہ جیلانی، حیدرآباد)، پیر سید غلام رسول شاہ رفاعی، سینئر نائب صدر جمعیت صوبہ سندھ، سید پیر شوکت شاہ راشدی، ممبر مرکزی کمیٹی جمعیت، ٹنڈوالٰہیار، سید پیر عبدالرحیم شاہ جیلانی، ممبر مرکزی کمیٹی جمعیت، (درگاہ کھڈو شریف)، سید پیر اشرف شاہ جیلانی، جنرل سیکریٹری جمعیت ضلع سانگھڑ، فقیر علی اکبر قادری، اطلاعات سیکریٹری جمعیت مشائخ اہلسنت پاکستان (مکلی شریف) بھی شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے اراکین اور ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے ۔ ملاقات میں صاحبزادہ سید پیر غلام رضوانی شاہ جیلانی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جس طرح سینہ سپر ہوکر طالبان دہشتگردوں کو للکارا ہے وہ جرات کسی اور سیاسی اور مذہبی جماعت کے سربراہ نے نہیں کی ۔انہوں نے کہا کہ اصل میں یہ طالبان اسلام اور پاکستان کے دشمن ہیں جو نام نہاد کلاشنکوفی شریعت کی آڑ میں ملک کو نقصان پہنچا کر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ سندھ صوفیوں کی زمین ہے اور یہاں کے لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو ماننے والے ہیں وہ کسی بھی صورت میں سندھ میں ہرگز ہرگز طالبانائزیشن کو قبول نہیں کریں گے ۔انہوں نے کہا کہ ملک و ملت کی بقاء وسالمیت اسی میں ہے کہ ہم اپنے باہمی اتحاد سے پاکستان دشمنوں کی سازشوں کو ناکام بنادیں ۔اس موقع پر انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کرائی ۔ بعدازاں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مشائخ عظام و پیر صاحبان کو نائن زیرو تشریف لانے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کے مشائخ و عظام و پیر صاحبان سندھ میں طالبان کے ڈنڈا بردار شریعت کے خلاف آواز بلند کریں گے

☆☆☆☆☆